# چھتیس گڑھ مادھیمک شکچھا منڈل، رائے پور

## ہائر سیکنڈری سرٹیفکیٹ امتحان سال 2010-11

### مثالی سوال نامہ

درجہ: 12ویں — وقت: 3 گھنٹے

مضمون: جنرل اُردو (Genral Urdu) — کل نمبرات: 100

---

ہدایت: سبھی سوالات حل کرنا لازمی ہے۔

سوال: 1: ان سوالوں کے جواب چن کر لکھیئے :-

(1) سر سید کے مضامین میں آسان اور عام ۔۔۔۔۔۔ ہیں۔ 01

(الف) فہم (ب) قیام (س) علم (د) فن

(2) خدا کا محبوب کسے کہا گیا ہے۔ 01

(الف) علی کو (ب) ولی کو (س) نبی کو (د) سبھی کو۔

(3) پریم چند کا اصلی نام ہے؟ 01

(الف) امر رائے (ب) کمر رائے (س) دھنپت رائے (د) کومل رائے

(4) پنڈت جواہر لال نہرو کہاں پیدا ہوئے؟ 01

(الف) آگرہ (ب) بنارس (س) الہ آباد (د) دہلی

(5) چمن کی خزاں پر نہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ بہاؤ۔ 01

(الف) خون (ب) پانی (س) آنسو (د) دودھ

(6) گاندھی جی کے آشرم کا نام ہے۔ 01

(الف) باسمتی (ب) سابرمتی (س) رام بتی (د) گاندھی بتی

(7) ہر ہر قدم پہ پھول ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوئے چلو۔ 01

(الف) اُگاتے (ب) کھلاتے (س) لٹاتے (د) دیکھاتے۔

(8) محمد علی تاج کہاں پیدا ہوئے۔ 01

(الف) آسام (ب) بنارس (س) آگرہ (د) بھوپال

(9) سونی پڑی ہوئی ہے مدّت سے دل کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 01

(الف) گلی (ب) بستی (س) راہ (د) گھر

(10) ’’بیاضِ سحر‘‘ کس شاعر کا مجموعہ ہے۔ 01

(الف) سراج میر خاں (ب) محمد علی (س) مرزا غالب (د) محمد اقبال

02 سوال:2: اُردو زبان کس طرح وجود میں آئی ؟

02 سوال:3: تالاب کے کنارے بگلوں کا کیا مشغلہ تھا؟

02 سوال:4: بھگتوں اور صوفیوں کا کیا پیغام تھا؟

02 سوال:5: جہاز محل کن کن تالابوں کے درمیان میں واقع ہے؟

02 سوال:6: منزل مقصود پانے کے لئے شاعر نے کسے راہ نما بنایا ہے؟

02 سوال:7: مولانا محمد علی نے کون کون سے اخبار نکالے؟

02 سوال:8: نہرو جی نے دنیا کا سب سے پرانا شہر کسے کہا ہے؟

02 سوال:9: ونو باجی کا پورا نام کیا تھا؟

02 سوال:10: خالہ صبح آٹھ بجے سے کیا کر رہی تھی؟

02 سوال:11: ان الفاظ کے معنی لکھیئے :-

(الف) گروش (ب) دیوالہ

02 سوال:12: ان الفاظ کی جمع لکھیئے :-

(الف)شاعرہ (ب)حادثہ

02 سوال:13: ان الفاظ کی واحد لکھیئے :-

(الف)عادات (ب) عقول

03 سوال:14: اپنی کتاب کی کسی ایک نظم کے تین اشعار لکھیئے :-

03 سوال:15: درج ذیل اشعار کی تشریح مع شاعر و نظم کے حوالہ سے کیجئے :-

ہر ذرّہ میں ہے ظہور تیرا
ہر برق و شرر میں نور تیرا

یا

اپنوں سے بیر رکھنا تو نے بتوں سے سیکھا
جنگ و جول سکھلایا واعظ کو بھی خدا نے۔

03 سوال:16: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے :-

(الف) نیا شوالہ (ب) بھول جاؤ (پ) پیغام

03 سوال:17: مانڈو کی خوبصورتی دیکھ کر لارڈ کرزن نے کیا کہا؟

04 سوال:18: درج ذیل اقتباس کی تشریح مع سیاق و سباق کے کیجیے :-

میں نے بار بار کہا ہے اور پھر کہتا ہوں کہ ہندوستاں ایک دلھن کی مانند ہے جس کی خوبصورتی اور رسیلی دو آنکھیں ہندو اور مسلمان ہیں۔ اگر وہ دونوں آپس میں نفاق رکھیں گے تو وہ ہماری دلھن بھینگی ہو جائے گی اور اگر ایک دوسرے کو برباد کریں گے تو وہ کانی ہو جائے گی

یا

ملک کے طول وعرض میں بس ایک ہستی بھی جس کی آواز شمال نے بھی سنی اور جنوب نے بھی ہمالیہ کی بلندیوں نے بھی اور گنگا کی وادیوں نے بھی بوڑھوں نے بھی اور بچوں نے بھی آسام نے بھی اور سندھ نے بھی راجوں مہاراجوں کے قصر وایوان نے بھی اور فاقہ کشوں کے ٹوٹے پھوٹے جھوپڑیوں نے بھی۔

04 سوال:19 : غیر درسی

ہمیشہ مناسب آواز سے گفتگو کرنا چاہیئے۔ آواز نہ تو دھیمی ہو کہ سنائی نہ دے اور نہ اتنی تیز ہو کہ سننے والے کو ناگوار گزرے۔ بولنے میں اس قدر جلدی نہ کرو کہ بات سمجھ میں نہ آئے۔ نہ اس قدر رک رک کو بولوں کہ سننے والے کا جی اکتا جائے۔ جس کسی سے گفتگو کرنا چاہو تو اوّل موقع اور وقت کو دیکھ لو۔ بات کسی ہی اچھی یا ضروری ہو لیکن بے موقع یا بے وقت کہو گے تو ضرور بری معلوم ہوگی۔ کسی کی بات کاٹنا سخت عیب ہے۔ جب تک دوسرے شخص کی گفتگو ختم نہ ہو جائے تم ہرگز اپنی بات شروع نہ کرو۔

سوالات:

1) گفتگو کس انداز میں کرنا چاہیئے؟

2) بات کب سمجھ میں نہیں آتی ہے؟

3) کسی کی بات کاٹنا کیسا ہے؟

4) اس اقتباس کا عنوان لکھیئے؟

02 سوال:20:( الف ) حروف عطف اور حروف علّت کی تعریف لکھیئے؟

03 (ب) درج ذیل کا مونث لکھیئے؟

مور، اونٹ، والد

05 سوال:21: اسم کی تعریف لکھ کر اسم عام و اسم خاص کی تعریف مع مثال لکھیئے؟

یا

محاوروں اور کہاوت میں کیا فرق ہے مع مثال کے لکھیئے؟

06 سوال:22: درج ذیل میں سے کسی ایک کی سوانح حیات لکھیئے؟

سر سید احمد خاں ، پریم چند

یا

ڈاکٹر محمد اقبال ، تلوک چند محروم

سوال:23: نیچے لکھے محاوروں کے مطلب لکھ کر جملے بنائیے۔ 06

آگ بگولہ ہونا، جلی کٹی سننا، جان بچا کر بھاگنا

سوال:24: سابقے لاحقے کی تعریف مع مثال لکھیئے۔ 06

سوال:25: اپنے پرنسپل صاحب کو بھائی کی شادی میں جانے کے لئے آٹھ دنوں کی چھوٹی کی درخواست لکھیئے؟ 06

یا

اپنے دوست کو بہن کی شادی میں بلانے کے لئے خط لکھیئے۔

سوال:26: مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیئے۔ 12

(1) وقت کی اہمیت

(2) صفائی آلودگی

(3) بے روزگاری کا مسلۂ

(4) سائنس رحمت یا زحمت

(5) قومی رہنما۔

# چھتیس گڑھ مادھیمک شکچھا منڈل، رائے پور

## ہائرسیکنڈری سرٹیفیکٹ امتحان سال 2010-11

## مثالی جواب نامہ

درجہ:12ویں — وقت:3 گھنٹے

مضمون: جنزل اُردو(Genral Urdu) — کل نمبرات:100

---

جواب :1 (1) فہم — 10
(2) نبی کو
(3) دھنپت رائے
(4) الہ آباد
(5) آنسو
(6) سابرمتی
(7) کھلاتے
(8) بھوپال
(9) بستی
(10) سراج میر خان

جواب: 2: اُردو کا وجود ہندوستانی ہندو مسلمان کے آپس میں ایک دوسرے کی عادتیوں کو اپنانے سے اُردو کا وجود ہوا۔ — 02

جواب :3: بگلوں میں کچھ پھولوں پر بیٹھیئے کچھ پانی کے اُپر اُڑتے۔ کچھ شکار کی تلاش میں اُڑتے پھرتے تھے۔ — 02

جواب :4: بھگتوں اور صوفیوں کا پیغام شانتی اور پریت کا ہے۔ — 02

جواب :5: جہاز محل مغرب میں منج تالاب اور مشرق میں کاپور تالاب کے درمیان واقع ہے۔ — 02

جواب :6: منزل مقصود پانے کے لئے شوقِ دل اور بتابی کو راہ نما بتایا۔ — 02

جواب :7: کامیرڈ، ہمدرد — 02

جواب :8: دمشق جو شام میں ہے ۔ — 02

جواب :9: ونو با جی کا پورا نام ونا یک نرہری بھاوے تھا۔ — 02

جواب :10: خالہ صبح آٹھ بجے سے جانماز پر بیٹھی ہوئی تسبیح چلا رہی تھی۔ — 02

جواب: 11: گردش، چکّر، دیوالہ۔کنگال — 02

جواب:12: شاعرہ،شاعرات،حادثہ،حادثات۔ 02

جواب:13: عادات۔عادت عقول۔ عقل 02

جواب:14: نظم کے اشعار لکھے جانے پر نمبر دے جائے۔ 03

جواب:15: نظم ترانۂ وحدت۔ 03

تلوک چند محروم

تشریح: شاعر خدا کی وحدانیت کے بارے میں بتاتے ہوئے کہہ رہے ہے کہ ہر ذرہ ذرہ میں زمین و آسمان میں ہر جگہ خدا کا ہی نور پھیلا ہوا ہے۔

یا

نظم: نیا شوالہ شاعر ڈاکٹر محمد اقبال

تشریح: شاعر کہہ رہا ہے کہ خدا کے پوجنے کے لئے خدا کو طرح طرح سے بنا کر اسے بانٹ دیا ہے جس سے آپس میں الگ الگ کر دیا اور واعظ اپنے کو سب سے اچھا بتا رہا ہے۔

جواب:16: کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھنے پر نمبر دئے جائے۔ 03

جواب: 17: لارڈ کرزن نے کہا'' ہندوستان کی اور کسی یادگار نے مجھے اتنا متاثر نہیں کیا جتنا مانڈو کی خوبصورتی 03

جواب:18: سیاق سباق:۔مندرجہ بالا اقتباس اتحاد سبق سے لیا گیا ہے۔اس کے مصنف سر سیّد احمد خاں ہے 04

اس میں قومی اتحاد کا زور دیا گیا ہے۔

تشریح: سرسید اتحاد ہند کرتے ہیں۔اس لئے وہ کہتے ہیں کہ ہنو رمسلم بھارت روپی دُلہن کی دو آنکھیں ہیں پر آپس میں مل جل کر رہے جس سے اس کی خوبصورتی برقرار رہے۔

یا

سیاق سباق: مندرجہ بالا اقتباس مولانا محمد علی سے لیا گیا ہے۔اس کے مصنف عبدالماجد دریا باد ہے۔انہوں نے مولانہ کی بہادری اور آزادی کے جوش کا ذکر کیا ہے۔

تشریح: مصنف نے مولانہ کے آزادی کے جوش کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ملک کے تلی ہو یا انچائی جہاں پر بھی بستی ہے چاہے وہمالیہ کی اُنچائی ہو یا گنگا کے کنارے جنگلیوں کی آبادی چاہے بچے ہو یا بوڑھے آسام کا علاقہ ہو یا پھر سندھ کا ہر طرف مولانہ کا جوش آزادی بہہ رہا ہے

جواب:19:(1) گفتگو نہ دھیمی اور نہ ہی تیز بلکہ درمیانی انداز میں کرنا چاہئے۔ 04

(2) جب بات جلدی جلدی کہی جائے گی۔

(3) گفتگو کے آداب

جواب:20: حروف عطف۔ایسے حروف جو دو لفظوں فقروں یا جملوں کو ملانے کا کام دیتے ہیں حروف عطف کہلاتے ہیں۔ 02

حروف علّت: حروف تہجی میں ا و ی حروف علّت ہیں۔

03 (ب) مور۔ مورنی اُونٹ ۔ اُونٹنی والد۔والدہ

05 جواب:21: اسم: کسی آدمی چیز شہر یا آدمی کے نام کو اسم کہتے ہیں۔

اسم عام: کسی شخص عام جانور ہو یا بے جاندار چیز کو اسم عام کہتے ہیں۔

اسم خاص: وہ اسم جو کسی خاص چیز جگہ آدمی کے نام کو اسم خاص کہتے ہیں۔

یا

محاروں پر کسی قصّہ یا کہانی کا جوڑا ہونا ضروری نہیں ہوتا کہاوت میں قصّہ یا کہانی کا جوڑا ہونا ضروری ہوتا ہے۔ جیسے: جلی کٹی سننا۔

06 جواب:22: کسی ایک کی سوانح حیات لکھنے پر مناسب نمبر دے جائے اس کے لئے کتاب کی مدد لی جاسکتی ہے۔

06 جواب:23: آگ بگولہ ہونا۔جلنا۔خوب غصّہ ہونا۔

حاتم کے نام کو سن کر وقت کا بادشاہ آگ بگولہ ہو جاتا تھا۔

جلی کٹی سننا؛ تانے سننا ۔

ساس کی بات بہو کو سدا جلی کٹی لگائی ہے۔

جان بچا کر بھاگنا؛ اپنی جان بچا کر بھاگ گیا۔

06 جواب:24: سابقے: وہ حروف جو لفظوں سے پہلے جوڑے جاتے ہیں

مثلاً: پر۔ پرجوش

لاحقے: وہ حروف جو لفظوں کے بعد میں جوڑے جاتے ہیں۔

مثلاً: مند دولت مند

06 جواب:25: کسی ایک کے لکھے جانے پر نمبر دیے جائیں۔

12 جواب:26: کسی ایک عنوان پر مضمون لکھے جانے پر مناسب نمبر دے جائے۔